# Assignment #1

## اسلام کیا ہے؟ اور اس سے کیا مراد ہے؟ اور اسلام کی نمایاں خصوصیات کیا ہیں؟

**تعارف:-**

بزرگ و برتر اللہ تعالیٰ نے اپنی عزیز ترین مخلوق "انسان" کیلئے دنیا کی تخلیق کی۔ اور صرف دنیا کی تخلیق کر کے انسان کو اس دنیا میں بھٹکنے کیلئے نہیں چھوڑ دیا بلکہ ان کو زندگی کا مقصد عطا کیا اور ان کی مادی، روحانی، معاشرتی اور اخلاقی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے مکمل رہنمائی فرمائی۔ اور ان تعلیمات کی فراہمی کیلئے اس کرۂ ارض پر بنی نوع انسان کیلئے مختلف رسول اور پیغمبر بھیجے اور اسلام جیسا خوبصورت تحفہ جو کہ مکمل ضابطہ حیات اور دستور عمل ہے حضرت محمد ﷺ کے ذریعے بھیجا۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

**الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا**

**(سورہ المائدہ: ۳)**

آج تمہارے لیے تمہارے دین کو مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت تمام کر دی اور تمہارے لیے زندگی کی حقیقت سے اسلام کو پسند کیا۔

## اسلام کے لغوی معنی:-

عربی لغت کی مستند کتابوں میں اسلام لفظ کو سلم سے ماخوذ کیا گیا ہے جس کا مطلب ہے۔

(i) ظاہری اور باطنی آلائشوں اور عیبوں سے پاک

(ii) سلامتی

(iii) فرمانبرداری، اطاعت اور بندگی۔

Scanned with CamScanner

## اسلام کے اصطلاحی معنی

اسلام کے اصطلاحی معنی ہے اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت اور فرمانبرداری کرنا ہے۔

## اسلام کے شرعی معنی

اسلام کے شرعی معنی میں اپنی مرضی (Freewill) سے اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت اور بندگی / فرمانبرداری کرنا ہے۔

**کتاب: احکام کی اصول کا احکام** سیف اللہ ابو الحسن الامدری بیان کرتے ہیں کہ لغوی اور شرعی معنوں میں گہرا ربط پایا جاتا ہے انہوں نے شرعی لحاظ سے اسلام کو یوں بیان کیا۔ اظہار، اطاعت و فرمانبرداری، اظہار شریعت اور حضور کی سنت سے تمسک ہے۔

## اسلام کی نمایاں خصوصیات

### 1 تصور وحدانیت

اسلام میں پہلا عقیدہ توحید ہے۔ اس کے بغیر دائرہ اسلام میں داخل نہیں ہو سکتے ہیں۔

**قل ھو اللہ احد (سورہ اخلاص)**

کہہ دو کہ اللہ ایک ہے۔

Scanned with CamScanner

کتاب: سیرت نبوی میں علامہ شبلی نعمانی لکھتے ہیں اسلام کا پہلا سبق توحید ہے۔

حضرت محمد خاتم النبین کا ارشاد ہے۔

اسلام ایک قلعہ ہے اور توحید اس قلعہ میں داخل ہونے کا دروازہ ہے۔

## 2 اسلام ایک عالمگیر دین ہے۔

اسلام کی عالمگیریت کو چار چیزوں سے بیان کرتے ہیں۔

(i) اسلام کے بیان کردہ عقائد کو تسلیم کرنا اس سے معنی کی حاصل کرنا
5 (ii) اسلام کسی محدود وقت کیلئے نہیں آیا
(iii) اسلام کسی محدود جغرافیائی کی حدود میں نہیں رہتا
(iv) یہ کسی لسانی گروہ کیلئے نہیں آیا
یہ پوری انسانیت کیلئے ابد تک ہدایت کا سرچشمہ ہے۔

## 3 اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔

4 اسلام کو مکمل ضابطہ حیات ماننے سے مراد ایک ایسی ہستی کو مطاع مطلق، مقنن اور حاکم مطلق مان کر تمام قوانین کی پاسداری کرنا ہے۔ کیونکہ اسلام ہمیں عقائد، عبادات اور معاملات چاہے وہ انفرادی ہوں یا اجتماعی، عسکری، بین الاقوامی، عدالتی اور اقتصادی کیوں نہ ہوں سب میں مکمل رہنمائی فرماتا ہے۔

Scanned with CamScanner

## 4 اسلام ایک الہامی دین ہے۔

اسلام میں ایک الہامی دین ہے اس کی عقائد اور عبادات
سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں

دین الحق (التوبہ)
ترجمہ سچا دین
دین اللہ (النصر)
ترجمہ اللہ کا دین
دین القیم
ترجمہ، مستحکم اور مضبوط دین
اِن الدین عند اللہ الاسلام (سورہ آل عمران)
بےشک اللہ کے نزدیک دین اسلام ہے

## 5 اسلام امن کا علمبردار

اسلام امن کا علمبردار ہے۔ اور معاشرے میں امن قائم کرنے
کا حکم دیتا ہے۔

واللہ لا یحب الفساد (القرآن)
ترجمہ:۔ اور اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا۔

## 6 مکمل کتاب کا حامل دین

قرآن کا موضوع انسان ہے اور یہ ایک عملی
ہدایت پر مبنی کتاب ہے جس کے حق سچ ہونے میں کوئی شک نہیں

ذلک الکتٰب لا ریب فیہ (فاتحہ)
یہ وہ کتاب ہے جس کے حق سچ میں کوئی شک نہیں

Scanned with CamScanner

## 7 حکمت/علم والا دین

اسلام حکمت سے بھرپور دین ہے۔ قرآن ایک ایسے سمندر کی مانند ہے جس میں جتنی بار بھی غوطہ لگایا جائے ہمیشہ علم سے بھرپور ملے گا

**یٰس۔ والقرآن الحکیم** (سورہ یٰسین)

یٰس۔ حکمت والی کتاب کی قسم

## 8 عملی دین

اسلام ایک عملی دین ہے جو دنیا اور آخرت کو ساتھ لے کر چلتا ہے۔ جو تعلیم کے ساتھ حلال رزق پر بھی زور دیتا ہے اور پھر تعلیم کو عمل میں لانے میں زور دیتا ہے۔

**اللھم انی اسئلک علماً نافعاً ورزقاً طیباً وعملاً متقبلا**

اے اللہ میں تجھ سے نفع دینے والے علم، حلال رزق اور مقبول عمل کی دعا مانگتا ہوں

## 9 احسان پر مبنی دین

اسلام احسان کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ اور احسان کرنے والوں کیلئے آخرت میں بہت زیادہ اجر ہے۔

تم میں سے بہترین وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے انسان محفوظ ہوں

**(الحدیث)**

هل جزاء الاحسان الا الاحسان (سورۃ رحمٰن)
اور احسان کا بدلہ احسان ہے۔

10 تعصب سے پاک دین

اسلام برابری کا درس دیتا ہے اور یہ تعصب کی نفی کرتا ہے۔

11 اخوت اور بھائی چارہ کا دین

اسلام میں اخوت اور بھائی چارے کی مثالیں ملتی ہیں۔ سب سے بڑی مثال مہاجرین اور انصار کی ہے۔ اور اسلام اخوت اور بھائی چارے کو پروان چڑھانے پر درس دیتا ہے۔

12 معاشرتی انصاف پر مبنی دین

اسلام معاشرتی انصاف پر زور دیتا ہے۔
کسی گورے کو کالے پر اور عجمی کو عربی پر کوئی فوقیت حاصل نہیں۔

13 انسانیت / صلہ رحمی پر مبنی دین

اسلام صلہ رحمی اور انسانیت کا علمبردار ہے۔ اور قرآن مجید میں ارشاد ہے۔

ولیتلطف

اور آپس میں نرمی سے بات کرو۔

## ماحصل

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے اس کی خاص خصوصیات میں جامعیت، وادانیت، تعقیب شخصیات اور احسان شامل ہیں۔ اسلام عبادات، معاشرتی معاملات چاہے وہ انفرادی، مذہبی ہو اجتماعی ہو، عدالتی، سیاسی ہو، اقتصادی، معاشی ہو، معاشرتی یا قومی بین الاقوامی ہو ان سب معاملات میں مکمل رہنمائی کرتا ہے مگر اس سے پہلے ایک ہستی کو مطاع مطلق، مقنن اور حاکم مطلق مان کر اس کے بیان کردہ قوانین اور ضوابط کو ماننا بہت ضروری ہے۔ اسلام بذات خود ایک عالمگیر اور رہنما عمل ضابطہ ہے۔ جس کا کوئی بھی نعم البدل نہیں۔

Scanned with CamScanner